© rasailojaraid.com

# مطبوعات

**عصرِ حاضر میں امتِ مسلمہ کے مسائل اور اُن کا حل**

از قلم مولینا سید ابوالاعلیٰ مودودیؒ ۔ ترتیب و تدوین: مولینا خلیل حامدی مینجنگ ڈائرکٹر ادارہ معارفِ اسلامی، لاہور۔

ناشر: المنارہ بک سنٹر، منصورہ، لاہور ۔ قیمت: تیس روپے

اس کتاب میں مولینا مودودیؒ کی جو تحریریں اور تقریریں جمع کی گئی ہیں ان میں سے ایک مفصل انٹرویو ہے۔ پہلا باب تو نیشنلزم پر ہے۔ دوسرا باب "فوری حل طلب مسائل" کا ہے، جس میں عالمی اسلامی عدالت کا قیام، خبر رساں ایجنسی کی تنظیم، ریڈیو سے اسلامی نشریات، مسئلہ فلسطین اور کشمیر کا حل وغیرہ امور شامل ہیں۔ تیسرا باب مسلمان ملکوں کے اتحاد کی تحریک سے تعلق رکھتا ہے۔ اس حصے میں پہلے تو اسلام کی عالمگیریت پر بحث ہے کہ صرف اسلام ہی ایسی بنیاد رکھتا ہے کہ جس پر ساری انسانیت جمع ہو سکتی ہے۔ پھر مسلمانوں کو اتحاد کی دعوت دیتے ہوئے اتحادِ اسلامی کے خلاف اعتراضات کا رد کیا گیا ہے۔ چوتھا باب شرقِ اوسط کے المیہ —— یعنی فلسطین پر صیہونی تسلط —— سے متعلق ہے۔ پانچویں باب میں قبلۂ اول پر یہودیوں کی جبرہ دستی کی پوری تاریخ بیان کی گئی ہے، اور آئندہ کے لیے یہودیوں کے اسلام دشمن منصوبوں کو بیان کیا گیا ہے۔ ساتواں باب مسئلہ کشمیر کے تجزیے اور اس کے حل کے بارے میں ہے۔ آٹھویں باب میں بھارتی مسلمانوں کے دردناک حالات کو بیان کر کے مسلمان حکمرانوں کو اُن کی ذمہ داریوں کی طرف متوجہ کیا گیا ہے۔ نواں باب مشرقی پاکستان کی علیحدگی کے واقعہ کا تجزیہ کرتا ہے۔ اگلے دو ابواب میں پاپائے روم کے نام مولینا کا خط اور اس کا جواب پیش کیا گیا ہے۔ پھر جبل پور کے فسادات (فروری ۱۹۶۱ء) میں مسلمانوں کی تباہی کے متعلق جو خط مولینا نے عرب ممالک کے بعض اکابر کو لکھا تھا، وہ بارھویں باب میں پیش کیا گیا ہے نیز اس کے ساتھ عرب کے مشہور عالم و محقق جناب محمد احمد باشمیل کا ایمان پرور جواب بھی درج ہے۔ مختصر یہ کہ کتاب ان تمام مسائل سے تعرض کرتی ہے جن سے ہم دوچار ہیں۔

© rasailojaraid.com